اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سہ ماہی ''وسطی ایشیا کے مسلمان'' کی ساتویں جلد کے پہلے دوشمارے (۱-۲) آپ کے ہاتھ میں ہیں۔ دوشماروں کی ایک ساتھ قدرے تاخیر کے ساتھ اشاعت کے لیے ہم اپنے معزز قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔ دراصل پچھلے دو سال سے ایک تو مدیر کی صحت مسلسل خراب رہی ہے، ثانیاً مجلّے کی نئی سہ ماہی حیثیت کا تقاضا ہے کہ اس میں خبروں اور اخباری مضامین کے بجائے حتی المقدور معیاری علمی مقالات شامل کیے جائیں۔ اس تناظر میں قابل اشاعت مواد کے انتخاب میں تنوع کا فقدان بھی ایک حد تک مجلّے کی اشاعت میں تاخیر کا باعث بنتا رہا ہے۔ چنانچہ ادارہ مجلّے کی اشاعت میں تاخیر کے لیے اظہارِ معذرت کے ساتھ ساتھ، ایک بار پھر، وسط ایشیائی امور سے دلچسپی رکھنے والے معزز قارئین اور اصحابِ علم و دانش سے بھرپور قلمی تعاون کی درخواست کرتا ہے۔

آپ کا علمی اور قلمی تعاون یقیناً مجلّے کے معیار میں بلندی اور اس کے موضوعات میں تنوع کا باعث ہوگا۔ ہمیں آپ کی نگارشات، نیز مجلّے کی بہتری کے لیے تجاویز، آراء اور قیمتی مشوروں کا شدت سے انتظار رہے گا۔